## سوال

(113) تہجد کی نماز کے رکوع و سجود میں کلمات پڑھنا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

نماز تہجد کے وقت رکوع اور سجود میں کون سے کلمات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بار بار پڑھنا ثابت ہیں نیز'' سبحانک اللھم وبحمدک اللھم اغفرلی سجدہ میں پڑھنا کسی صحیح حدیث سے ثابت ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سوال میں ذکر کردہ دعا کا سجدہ میں پڑھنا حدیث سے ثابت ہے ۔ صدیقہ کائنات حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اکثر اوقات اپنے رکوع اور سجدہ میں یہ دعا پڑھتے تھے ۔ سبحانک اللھم وبحمدک اللھم اغفرلی ( صحیح بخاری، کتاب الصلوة)

عام نمازوں میں رکوع و سجود کے وقت جن اذکار وادعیہ کا بار بار پڑھنا ثابت ہے انہیں نماز تہجد کے رکوع و سجود میں بار بار پڑھا جاسکتا ہے ۔ ان کے علاوہ مندرجہ ذیل ذکر خاص طور پر تہجد کے رکوع، سجود میں پڑھنا منقول ہے، اسے بھی بار بار پڑھا جاسکتا ہے :

''سبحان ذي الجبروت والملکوت والکبریاء والعظمة۔''

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاوی اصحاب الحدیث

**جلد:1 صفحہ:144**